# ٹیکساس میں LLC رجسٹریشن اور پاکستان سے کمپنی قائم کرنے کا مکمل رہنما

## رجسٹریشن کے مراحل LLC ٹیکساس میں

1. کمپنی کا نام منتخب کریں

اپنی LLC کے لیے ایک منفرد نام منتخب کریں۔ نام کے آخر میں "Limited Liability Company" یا "LLC" لازمی طور پر شامل ہونا چاہیے۔ یہ چیک کرنا ضروری ہے کہ یہ نام پہلے سے رجسٹرڈ نہ ہو۔ اس کے لیے آپ Texas Secretary of State کی ویب سائٹ پر سرچ کر سکتے ہیں۔

2. رجسٹرڈ ایجنٹ مقرر کریں

ہر LLC کے لیے ایک رجسٹرڈ ایجنٹ ہونا ضروری ہے۔ یہ ایک ایسا شخص یا کمپنی ہوتی ہے جو ٹیکساس میں رہتی یا کام کرتی ہو اور قانونی ڈاکیومنٹس وصول کر سکے۔

3. Certificate of Formation فائل کریں

آپ کو Certificate of Formation (Form 205) بھرنا ہوگا۔ یہ فارم آپ آن لائن، میل یا فیکس کے ذریعے Texas Secretary of

کے پاس جمع کروا سکتے ہیں۔ اس کی فیس عام طور پر State
300 ڈالر ہے۔

4. LLC Operating Agreement بنائیں
اگرچہ ٹیکساس میں یہ لازمی نہیں، لیکن بہتر ہے کہ آپ ایک
تیار کریں۔ اس میں کمپنی کے اصول، Operating Agreement
ممبران کے حصے اور کاروبار چلانے کا طریقہ درج ہوگا۔

5. EIN (Employer Identification Number) حاصل کریں
سے جاری ہوتا ہے۔ اس کی کوئی فیس نہیں ہے اور IRS یہ نمبر
کے ذریعے آپ بینک EIN یہ آن لائن حاصل کیا جا سکتا ہے۔
اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں اور ٹیکس فائل کر سکتے ہیں۔

6. ریاستی ٹیکس اور لائسنسز
اور رپورٹ جمع کروانا Franchise Tax ٹیکساس میں ہر سال
لازمی ہے۔ اگر آپ کا بزنس مخصوص انڈسٹری سے تعلق رکھتا
ہے تو اضافی لائسنس یا پرمٹ درکار ہو سکتے ہیں۔

---

**پراسیسنگ ٹائم**

سب سے تیز طریقہ ہے اور :(کے ذریعے SOSDirect) آن لائن فائلنگ
عام طور پر 2 سے 5 ورکنگ دن میں رجسٹریشن مکمل ہو جاتی ہے۔

میل کے ذریعے: عام طور پر 2 سے 3 ہفتے لگ سکتے ہیں۔

فیکس کے ذریعے: تقریباً 7 سے 10 دن درکار ہوتے ہیں۔

ایک LLC ایکسپیڈائٹ سروس: اضافی 25 ڈالر فیس کے ساتھ آپ کی سے دو ورکنگ دن میں رجسٹر ہو سکتی ہے۔

---

## پاکستان سے رجسٹریشن کے تقاضے

رجسٹر کروا سکتے LLC پاکستان میں بیٹھ کر بھی آپ ٹیکساس میں ہیں۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ:

- ایک منفرد کمپنی نام منتخب کریں۔
- ٹیکساس میں ایک رجسٹرڈ ایجنٹ ہائر کریں جو سالانہ 100 سے 300 ڈالر لیتا ہے۔
- آن لائن فائل کریں (فیس 300 ڈالر)۔ Certificate of Formation
- سے حاصل کریں جو مفت ہے اور پاکستان سے IRS نمبر EIN بھی لیا جا سکتا ہے۔
- امریکی بزنس بینک اکاؤنٹ کھلوانے کے لیے یا تو آپ امریکہ جائیں یا پھر Mercury, Wise یا Payoneer جیسے آن لائن آپشنز استعمال کریں۔

---

## اندازاً لاگت

Certificate of Formation: 300 ڈالر (ایک بار)

Registered Agent Fee: 100 سے 300 ڈالر سالانہ

EIN: مفت

Operating Agreement: اگر خود بنائیں تو مفت، ورنہ کمپنیاں 50 سے 100 ڈالر لیتی ہیں۔

---

## فوائد

پاکستان میں بیٹھے ہوئے بھی آپ براہِ راست امریکی کسٹمرز کے ساتھ کام کر سکتے ہیں۔

Amazon FBA، PayPal، Stripe اور دیگر امریکی پلیٹ فارمز تک آسان رسائی ملتی ہے۔

USA میں باضابطہ بزنس ساکھ اور کریڈیبلٹی حاصل ہوتی ہے۔

---

## Texas بمقابلہ New York LLC

ٹیکساس میں Certificate of Formation کی فیس 300 ڈالر ہے جبکہ New York میں Articles of Organization کی فیس 200 ڈالر ہے۔

ٹیکساس میں State Income Tax نہیں ہے جبکہ New York میں City اور State دونوں لیول پر ٹیکس لگتا ہے۔

New York میں Publication Requirement کی وجہ سے 1000 سے 1500 ڈالر کا اضافی خرچ آتا ہے جبکہ ٹیکساس میں ایسا کوئی تقاضہ نہیں۔

ٹیکساس چھوٹے اور درمیانے درجے کے بزنس کے لیے زیادہ موزوں ہے جبکہ New York زیادہ تر بڑی کارپوریشنز کے لیے مناسب ہے۔

---

### نمایاں رجسٹرڈ ایجنٹ سروسز

Texan Registered Agent LLC: 35 ڈالر سالانہ، مقامی ایڈریس اور فوری ڈاکیومنٹس اسکین کی سہولت۔

Northwest Registered Agent: 125 ڈالر سالانہ، بہترین پرائیویسی اور کسٹمر سروس۔

Lone Star Registered Agent: 50 ڈالر سالانہ، اضافی ٹولز کے ساتھ۔

TRUE Space (Dallas-based): 30 سے 34 ڈالر سالانہ، Dallas ایڈریس اور ڈاکیومنٹس اسکین کی سہولت۔

Independent Texas Registered Agent: 7.99 ڈالر ماہانہ، لچکدار اور کم قیمت ماڈل۔

LegalZoom ،Rocket Lawyer اور CT Corporation جیسے بڑے برانڈز بھی دستیاب ہیں مگر ان کی فیس زیادہ ہے۔

---

## LLC میں USA پاکستان سے ایجنٹ کے ذریعے — SWOT Analysis رجسٹریشن

:طاقتیں

امریکہ میں باضابطہ بزنس اسٹرکچر، بین الاقوامی پلیٹ فارمز تک رسائی، کریڈیبلٹی اور ٹرسٹ، قانونی ڈاکیومنٹس میں آسانی، اور ٹیکس فلیکسِبیلیٹی۔

:کمزوریاں

ایجنٹ کی سالانہ فیس، پاکستان سے بینک اکاؤنٹ کھلوانے کی مشکلات، امریکی ٹیکس قوانین کی پیچیدگیاں، اور سالانہ رپورٹس کا بوجھ۔

:مواقع

USAپر برانڈ لانچ کرنا، eBay اور Amazonگلوبل کلائنٹس تک رسائی،

انویسٹرز کے ساتھ پارٹنرشپ، بزنس اسٹرکچر اپ گریڈ کرنے کے مواقع، اور پاکستانی مصنوعات کی امریکہ میں زیادہ ترسیل۔

خطرات:

قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانے، امریکی ٹیکس پالیسی کی تبدیلی، ناقص ایجنٹ سروس، بین الاقوامی ادائیگیوں میں مشکلات، اور ناکامی کی صورت میں اخراجات کا بوجھ۔

---

**EIN کیا ہے؟**

EIN کا مطلب ہے Employer Identification Number ۔ یہ ایک 9 ہندسوں پر مشتمل نمبر ہے جو IRS بزنس کو جاری کرتا ہے۔ یہ بالکل NTN کی طرح ہے اور بینک اکاؤنٹ کھلوانے، ٹیکس فائل کرنے، ملازمین رکھنے اور PayPal، Stripe یا Amazon جیسے پلیٹ فارمز استعمال کرنے کے لیے ضروری ہے۔ یہ پاکستان سے بھی حاصل کیا جا سکتا ہے اور اس کی کوئی فیس نہیں ہے۔

**فیزان اکبر**

منیجنگ پارٹنر – برِسٹل انٹرپرائزز

چئیرمین ایس ایم ای/ٹریننگ کمیٹی – سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (SCCI)